سوال

(248) عورت کےلئے تنگ اور سفید لباس پہننا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا عورت تنگ اور سفید لباس پہن سکتی ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عورت کا غیر مردوں کے سامنے شاہراہوں یا مارکیٹوں میں ایسا تنگ لباس زیب تن کر کے جانا جو دیکھنے والوں کےلیے جسم کا عکاس ہو منع ہے کیونکہ ایسا لباس ننگے پن کے مترادف اور فتنہ انگیز ہے ۔ ایسا لباس بڑی شر انگیزی کا باعث بن سکتا ہے ۔ اگر کسی علاقے میں سفید لباس مردوں کی علامت اور شعار ہو تو اس صورت میں عورتوں کےلیے سفید لباس پہننا مردوں کے ساتھ مشابہت کی وجہ سے منع ہو گا۔ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مردوں سے مشابہت اختیار کرنے والی عورتوں پر لعنت فرمائی ہے ۔ ورنہ محض سفید لباس پہننے میں کوئی حرج نہیں ۔ ۔ ۔ ۔ دارالافتاء کمیٹی ۔ ۔ ۔

ھٰذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ برائے خواتین

پردہ، لباس اور زیب وزینت، صفحہ: 271

محدث فتویٰ